نمبر (۳)

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR STATE GAZETTE

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۱۹ شعبان سنہ ۱۳۴۸ھ مطابق ۲۰ جنوری سنہ ۱۹۳۰ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت منصرم مودیخانہ۔	۱
۲	انتظام بسلسلہ تخفیف اسامی حافظ احمد علیخان [illegible] مرحوم	۱ و ۲
۳	رخصت [illegible] صاحب [illegible]۔	۲
۴	منظوری استعفا مدرس [illegible]۔	۲
۵	توسیع مدت ملازمت [illegible] رضا خان مدرس۔	۲
۶	انتظام بسلسلہ تقرر و تبادلہ اخلاق حسین خان نائب۔	۲
۷	نقشہ روئداد جلسہ	ضمیمہ

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۲۴ دسمبر سنہ ۱۹۲۹ء

مثل عرضداشت صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر بابت صدور حکم منظوری رخصت یکماہ من ابتدا ۱۴ دسمبر سنہ ۱۹۲۹ء لغایت ۱۳ جنوری سنہ ۱۹۳۰ء محمد یوسف علیخان منصرم مودیخانہ بوجہ علالت پسر خود۔

حکم

بموجب رپورٹ رخصت یکماہ محمد یوسف علیخان منصرم مودیخانہ منظور ہو۔ کاغذات بغرض اجراء احکام واپس ہوں۔

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

محکمہ صدرسے احکام ضابطہ جاری ہوں ۶ جنوری سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

تخفیف اسامی

۵ جنوری سنہ ۱۹۳۰ء

مثل عرضداشت صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ تخفیف اسامی حافظ احمد علیخان مرحوم افسر فیلخانہ مشاہرہ دار ایکسو روپیہ و بسلسلہ انجام دہی کام فیلخانہ از عاشق علیخان منصرم بحیثیت منصری و سپردگی کام دیہات بیگمات صاحبان کاشی پور وغیرہ متعلقہ حافظ احمد علیخان

مرحوم بہ محمد فیاض خان افسر دیہات تبادلہ شاہ نواز خان اہلمد پرائیوٹ آفس پسر فیاض خان بعہدہ منصرم دیہات بغرض سعادت فیاض خان مذکور بشاہرہ پچیس روپیہ تقرر شوکت علیخان پسر حافظ اسد علیخان مرحوم فی الحال در دفتر بجائے شاہ نوازخان بشاہرہ پندرہ روپیہ بر اہلمدی -

حکم

رپورٹ منظور ہے - عہدہ افسری خیلخانہ تخفیف کیا جاتا ہی - شاہ نوازخان اہلمد کو بشاہرہ مبلغ پچیس روپیہ ماہانہ منصرم دیہات مقرر کیا جائے - مد دیہات سے تنخواہ ملیگی - بجائے شاہ نواز خان کے شوکت علیخان پسر اسد علیخان مرحوم کو بشاہرہ پندرہ ماہانہ اہلمد مقرر کیا جائے - کاغذات بغرض اجرائے احکام واپس ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

احکام ضابطہ محکمہ صدر سے جاری ہوں - ۱۰ جنوری سنہ ۱۹۳۲ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ جنوری سنہ ۱۹۳۲ء

مثبتہ عرضداشت صاحب فائننشل سکریٹری بہادر بابتہ صدور حکم منظوری رخصت مزید ۱۲ یوم بخشی صاحب فوج من ابتدا ۲ لغایتہ ۱۳ جنوری سنہ ۱۹۳۲ء بوجہ ہونے بخار روز کام وغیرہ انجام دہی کام نائب بخشی فوج -

حکم

بموجب رپورٹ رخصت مزید ۱۲ یوم من ابتدا ۲ لغایتہ ۱۳ جنوری سنہ ۱۹۳۲ء بخشی فوج بانتظام سابق منظور ہی - بغرض اجرائے احکام کاغذات واپس ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

منظوری استعفا

۹ جنوری سنہ ۱۹۳۲ء

مثبتہ رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس دربارہ منظوری استعفا کشن لال مدرس سیٹھ کھیڑہ تحصیل ٹانڈہ و تقرر بجائے نامبردہ سے لقاء پرشاد ششم پاس بہ تنخواہ دس ماہوار امتحاناً برائے چھ ماہ

حکم

کشن لال مدرس سیٹھ کھیڑہ تحصیل ٹانڈہ کا استعفا منظور ہی - اور بجائے اُسکے لقاء پرشاد ششم پاس کا تقرر دس ماہوار تنخواہ امتحاناً برائے چھ ماہ کیا جاتا ہے - لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۱۲ جنوری سنہ ۱۹۳۲ء

مثبتہ رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس دربارہ مستقلی مسمی نبی رضا خان مدرس مدرسہ مڈل -

حکم

بعد امتحان سالانہ کام کا اطمینان کرکے مستقلی کی رپورٹ کیجائے - بالفعل نبی رضا خان مدرس مدرسہ مڈل کی ملازمت غیر مستقل میں ۱۰ جنوری سنہ ۱۹۳۲ء سے آخر اپریل سنہ ۱۹۳۲ء تک توسیع کیجاتی ہی - لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم ہذا بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت

مورخہ ۵ جنوری سنہ ۱۹۳۲ء

اخلاق حسین خان اہلمد مشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار کا تقرر و تبادلہ صیغہ مال میں ہوچکا ہی - اس سلسلہ میں انتظام ذیل کیا جاتا ہے -

۱ - عبد الغنی کلرک مشاہرہ دس ماہوار جو انگریزی دفتر میں قابل اطمینان طبیعت کام کرنے کی قابلیت نہیں رکھتا ہے بجائے اخلاق حسین خان تبدیل کیا جائے -

۲ - عبد الغنی خان کی جگہ ایک انگریزی دان اہلکار کی ضرورت ہی - عبد الرحمن خان ایف اے تک تعلیم یافتہ اور ٹائپ کے کام سے بھی واقف ہی - اسکا تقرر بجائے عبد الغنی خان بشاہرہ دس ماہوار برائے چھ ماہ امتحاناً کیا جاتا ہے - لہذا

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

نقشہ اجناس ریاست رامپور جن ابتدا ہفتہ سویم ماہ جنوری سنہ ۱۹۳۰ء

نام جنس	صدر تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ سیر ۷ سیر ۶ سیر ۷ سیر		۷ سیر		۷ سیر		دیگر تحصیلات کے نقشے نہیں آئے
نخود خالص	۵ سیر ۵ سیر		۵ سیر		۶ سیر		
نخود کسہ آمیز	نرخ بازار		۶ سیر		۰		
مکئی	۶ سیر ۶ سیر		۶		۰		
ماش	۵ سیر ۵ سیر		۵ سیر		۵ سیر		
مونگ	۴ سیر ۴ سیر ۴ سیر		۴ سیر		۰		
کنگا	۹ سیر ۹ سیر		۱۰ سیر		۱۰ سیر		
جئی	۱۰ سیر ۱۱ سیر		۰		۸ سیر		
گوجئی	۰		۰		۷ سیر		
مسور	۶ سیر		۶ سیر		۰		
ارہر	۵ سیر ۶ سیر		۶ سیر		۰		
برنج	۵ سیر ۵ سیر		۵ سیر		۵ سیر		
روغن زرد	۰ سیر		۰ سیر		۰ سیر		
روغن سیاہ	۱ سیر		۱ سیر		۱ سیر		
روغن کنجد	۱ سیر		۱ سیر		۱ سیر		
نمک سانبھر	۱۰ سیر		۱۲ سیر		۱۱ سیر		
نمک لاہوری	۶ سیر		۶ سیر		۰		
قند سیاہ	۷ سیر ۷ سیر		۷ سیر		۷ سیر		
باجرہ	۷ سیر		۸ سیر		۸ سیر		

مطبع و سرکاری پریس ریاست رامپور